# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : ناہید حسن



# نہ اسکول نہ ہوم ورک

کہانی : محمد اقبال
تصویریں : شیریں سید

ٹیچر کیلئے نوٹ

• ذہین بچے ماحول میں موجود مختلف دلچسپ اور خوبصورت چیزوں کو غور سے دیکھتے ہیں اور ان کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ ان چیزوں سے متعلق اپنی پسندیدگی کا اظہار مختلف طریقوں سے کرتے ہیں۔ اپنے ماحول میں ہونے والی غیر دلچسپ حرکات و سکنات سے تنگ آ کر کبھی کبھی بچے اس کہانی میں موجود موضوع پر بھی سوچنے لگتے ہیں۔ یہ کہانی دوسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔

## سیشن 1

15 منٹ

• ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کلاس میں کتنے بچے ایسے ہیں جو:

(۱) امی ابو کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نہیں جاتے؟

(۲) اپنا اور اپنی چیزوں کی صفائی کا خیال رکھتے ہیں؟

(۳) کھانے میں ضد نہیں کرتے ہیں؟

(۴) بیمار ہوجائیں تو دوا پینے میں ضد نہیں کرتے ہیں؟

(۵) اپنا بستر اور کمرہ خود ٹھیک کرتے ہیں؟

(۶) اپنا ہوم ورک شوق اور دلچسپی سے خود کر لیتے ہیں؟

(۷) اگر وہ بچے نہ ہوتے تو اور کیا چیز ہونا پسند کرتے؟

(۸) اگر انہیں ایک موقع دیا جائے تو وہ کیا بننا پسند کریں گے؟

• بچوں کے ساتھ اس بات چیت میں انہیں اپنے خیالات کا اظہار کرنے دیں مگر اس بات کا خیال رکھیں کہ یہ کلاس discussion زیادہ طویل نہ ہو جائے۔

15 منٹ

• اب ٹیچر بچوں کو کلاس کے باہر اس ہدایت کے ساتھ لے جائیں کہ وہ ادھر ادھر نہیں بھاگیں گے۔ نہ ہی شور کریں گے کہ دوسری کلاسز ڈسٹرب(distrub) ہوں۔ بچے باہر جا کر چاروں طرف دیکھیں اور غور کریں کہ انہیں کتنی مختلف چیزیں نظر آ رہی ہیں۔ وہ کیا کر رہی ہیں؟ کتنی چیزوں کی صرف آوازیں سنائی دے رہی ہیں؟ وہ کون سی چیزیں ہیں؟ ٹیچر بچوں کے ساتھ ساتھ ہوں گی اور بچوں سے مختلف

| | |
|---|---|
| | سوالات کرتی جائیں تاکہ ان کی توجہ ادھر ادھر نہ بٹ سکے۔ آخر میں بچوں کو کلاس میں واپس لائیں۔ |
| 15 منٹ | • ٹیچر بچوں سے سوالات کریں کہ انہوں نے باہر کیا کیا چیزیں دیکھی؟ وہ کیا کر رہی تھیں؟ مثلاً بلی دیکھی۔ وہ سو رہی تھی۔ کن چیزوں کی آوازیں سنیں؟ آخر میں ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ میں آپ لوگوں کو ایک ایسی بچی کی کہانی سناتی ہوں جس کا دل چاہ رہا ہے کہ وہ ایک چڑیا ہوتی تو کتنا مزہ آتا۔ پھر ٹیچر کتاب ''نہ اسکول نہ ہوم ورک'' کہانی کے موڈ اور اتار چڑھاؤ کے مطابق تاثرات سے سنائیں۔ |
| گھر کا کام | • کہانی ''نہ اسکول نہ ہوم ورک'' پڑھ کر آئیں۔ |

## سیشن 2

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • ٹیچر 10-12 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کر وائیں۔ ضروری نہیں کہ ہر بچہ مکمل کتاب پڑھے۔ کتاب پڑھنے میں ٹیچر بچوں کی مدد اور حوصلہ افزائی ضرور کریں تاکہ ان کی دلچسپی برقرار رہے۔ |
| 25 منٹ | • اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپی کھولیں۔ نئے صفحے پر دن اور تاریخ ڈالیں اور کل کلاس کے باہر انہوں نے جو چیزیں دیکھی تھیں یا جن کی آوازیں سنی تھیں ان کی تصویریں بنا کر ان کے نام لکھیں۔ ان چیزوں میں سے وہ خود کیا ہونا پسند کریں گے۔ اس چیز کے بارے میں تین چار جملے لکھیں۔ جملوں کی لکھائی میں ٹیچر بچوں کی مدد کریں۔ کام مکمل ہونے پر ٹیچر کاپیاں جمع کرلیں۔ |
| گھر کا کام | • کتاب میں سے صفحہ نمبر 1-4 پر سے الفاظ یاد کر کے آئیں۔ املا لیا جائے گا۔ |

## سیشن 3

| | |
|---|---|
| 15 منٹ | • بچے کاپی نکالیں۔ نئے صفحے پر دن اور تاریخ ڈالیں۔ ٹیچر 12-10 الفاظ کا املا لیں۔ بعد میں ٹیچر بورڈ پر وہ الفاظ لکھ دیں اور بچے اپنا کام چیک کریں۔ ٹیچر بچوں سے کہیں کہ جن بچوں کی غلطیاں ہیں وہ ہر لفظ کو دوبارہ لکھ لیں۔ جن بچوں کی کوئی غلطی نہیں ہے ان کو کوئی sticker یا star ضرور دیں۔ اس عمل سے بچوں کی دلچسپی اور شوق میں اضافہ ہوتا ہے اور دوسرے بچے بہتر کام کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ |
| 20 منٹ | • اب کلاس کے بقیہ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔ |
| 10 منٹ | • ٹیچر بچوں سے سوال کریں کہ یہ بچی چڑیا کیوں بننا چاہتی ہے؟ بچوں کے بتائے ہوئے جوابات ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں اور بعد میں پڑھ کر بچوں کو سنائیں۔ |
| گھر کا کام | • کہانی پڑھیں اور اس میں سے ''ھ'' والے الفاظ کاپی میں لکھ کر لائیں۔ |

## سیشن 4

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • گھر کے کام میں دیئے گئے الفاظ ٹیچر بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھول کر چیک کریں۔ بعد میں انہیں الفاظ کو توڑ کر لکھنے کا کام کر وائیں۔ |
| 15 منٹ | • ٹیچر بورڈ پر وہ حروف لکھیں جن سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں مختلف صفحات پر نظر آ رہی ہیں اور بچوں سے پوچھیں کہ اس حرف سے شروع ہونے والی انہیں کون سی تصویریں نظر آ رہی ہیں۔ ٹیچر حروف کے سامنے بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ لکھتی جائیں۔ ضروری نہیں کہ ایک حرف سے انہیں ایک ہی تصویر نظر آئے۔ مثلاً حرف گ سے گائے۔ گڑیا اور گھونسلہ تین چیزیں ہیں۔<br>حروف: چ۔ د۔ ب۔ ل۔ گ۔ ک۔ پ۔ م۔ ت۔ |

| | |
|---|---|
| نوٹ | • اس مشق کو کرنے سے بچوں میں چیزوں کے مشاہدے کی صلاحیت بڑھتی ہے۔ |
| 10 منٹ | • آخری دس منٹ میں ٹیچر پرندوں سے متعلق کوئی نظم یا گانا سنائیں یا بچوں سے سنیں۔ |
| گھر کا کام | • کتاب میں سے صفحہ نمبر 8-7-6-5 پڑھیں اور حرف ''ی'' اور ''ے'' پر ختم ہونے والے الفاظ کی فہرست بنا کر لائیں۔ |

## سیشن 5

| | |
|---|---|
| 15 منٹ | • بچے اپنی کاپیاں کھولیں۔ ٹیچر بورڈ پر حرف ''ی'' اور ''ے'' پر ختم ہونے والے الفاظ کتاب سے لکھیں۔ بچے اپنا کام چیک کریں اور ضرورت کے مطابق تصحیح کریں۔ |
| 15 منٹ | • آج ٹیچر ایک چڑیا کا اصلی گھونسلہ اپنے ساتھ کلاس میں لے کر آئیں۔ (اگر اصلی گھونسلہ نہ مل سکے تو بچوں کو کلاس سے باہر لے جا کر کسی درخت پر بنے گھونسلے کو دکھائیں)۔ بچے گھونسلے کو قریب سے دیکھیں۔ ٹیچر ان سے سوالات کریں۔<br>(۱) اس گھونسلے میں انہیں کیا کیا چیزیں نظر آ رہی ہیں؟<br>(۲) یہ چیزیں چڑیاں کہاں سے جمع کر کے لاتی ہیں؟<br>(۳) چڑیاں گھونسلے کیوں بناتی ہیں؟<br>(۴) چڑیاں رات میں کہاں سوتی ہیں؟<br>(۵) گھونسلے کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟ (nest)<br>(۶) وہ کون سا پرندہ ہے جو اپنا گھونسلہ نہیں بناتا بلکہ کوے کے گھونسلے میں انڈے دیتا ہے؟<br>• اگر بچے جواب نہ دے سکیں تو انہیں بتائیں کہ وہ پرندہ کوئل ہے۔<br>• اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ چڑیا تو گھونسلے میں رہتی ہے کچھ اور جانوروں کے بارے میں بتائیں کہ وہ کہاں رہتے ہیں؟ اور ان کے گھر کو کیا کہتے ہیں؟ ہم لوگ کہاں رہتے ہیں؟ مثلاً<br>مچھلی — پانی میں رہتی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| شہد کی مکھی | چھتے میں رہتی ہے۔ |
| چیونٹی | بل میں رہتی ہے۔ |
| گھوڑا | اصطبل میں رہتا ہے۔ |
| انسان | گھر میں رہتا ہے۔ |

15 منٹ
- ٹیچر بچوں کو سادے کاغذ دیں۔ بچے اس پر اپنا نام، کلاس اور دن، تاریخ لکھیں۔ اب بچے اس کاغذ پر پانچ مختلف لوگوں کے گھر اور ان میں رہنے والوں کی تصویریں بنا کر جملے لکھیں۔ مثلاً چیونٹی بل میں رہتی ہے۔

گھر کا کام
- کتاب میں سے صفحہ 10-9 پر مبنی تصویروں کے مطابق الفاظ لکھیں اور ان سے جملے بنائیں۔

## سیشن 6

- ٹیچر گھر کا کام جمع کرلیں۔ جو وہ کلاس ختم ہونے کے بعد دیکھیں گی۔
- آج کلاس میں art & craft کا کام کروائیں اور بعد میں اسی سے متعلق fun writing کروائیں۔

نوٹ
- ٹیچر art & craft کا کام کروانے کے لئے مختلف رنگوں کے کاغذ، رنگین موتی یا بٹن، روئی، چڑیوں کے پر، قینچی اور گوند وغیرہ بچوں کی تعداد کے مطابق لائیں۔

25 منٹ
- ٹیچر حسب ضرورت بچوں کو سامان دیں اور ان کو بتائیں کہ ہر ایک بچے کو اپنی چڑیا بنانی ہے۔ اس کام میں ٹیچر ان کی مدد مکمل طور پر کریں۔ اگر ممکن ہو تو art teacher کو بھی اپنے ساتھ لے آئیں۔ بچے اپنی چڑیوں پر اپنا نام لکھ کر اس میں دھاگا باندھیں۔ ٹیچر کلاس میں ڈوری لگا کر سب بچوں کی چڑیاں اس ڈوری پر لٹکا دیں۔

20 منٹ

- اگر وقت ہو تو بچے fun writing کریں۔ یہ کام کاپی کے علاوہ loose paper پر بھی کروایا جاسکتا ہے تاکہ کلاس میں display کیا جاسکے۔ (اگر کلاس میں وقت ختم ہو جائے تو یہ کام گھر کے کام کے طور پر دیں۔ گھر میں بچے اپنے والدین یا کسی بڑے کی مدد لے سکتے ہیں۔) ٹیچر بورڈ پر عنوان لکھیں۔ ''اگر میں مور ہوتی / ہوتا تو . . .
- ٹیچر لکھائی میں بچوں کی بھرپور مدد کریں۔ انہیں نئے خیالات کا بھی اشارہ دیں۔ جیسے ''میں مور ہوتی / ہوتا تو کارٹون کیسے دیکھتی، کبھی چلتی کبھی تھوڑا سا اڑ بھی لیتی۔
- بچوں کا کام مکمل ہو جائے تو جمع کرلیں۔ تصحیح کے بعد کسی دن کلاس میں پڑھ کر ضرور سنائیں۔ اس سے بچوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

# نہ اسکول نہ ہوم ورک

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

ہم Unilever Pakistan Limited کے شکر گزار ہیں
جن کے تعاون سے اس ٹیچرز گائیڈ کا پہلا ایڈیشن شائع ہوا۔

bookgroup
187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk